ایک بل

جانشینی ایکٹ 1925 میں مزید ترمیم کی غرض سے۔

ہر گاہ کہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ جانشینی ایکٹ 1925 (ایکٹ نمبر 39، 1925) میں مزید ترمیم بطریق ذیل کی جائے

لہذا مندرجہ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے۔

1. مختصر عنوان و آغاز: (1) جائز ہے کہ ایکٹ ہذا کو جانشینی (خیبر پختونخوا) (ترمیمی) ایکٹ 2019 کے نام سے موسوم کیا جائے۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

2. ایکٹ نمبر 39، 1925 میں نئی دفعہ کا اضافہ: جانشینی ایکٹ 1925 (ایکٹ نمبر 39، 1925) میں دفعہ 371 کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ ثبت کی جائے، یعنی

"371-الف. نیشنل ڈیٹابیس رجسٹریشن اتھارٹی کی جانب سے ایڈمسٹریشن اور جانشینی سرٹیفیکیٹ کا تحریری آجراء: ایکٹ ہذا کے مقاصد کے لیے نیشنل ڈیٹا بیس رجسٹریشن اتھارٹی (NADRA) کی جانب سے برقرار شدہ فیملی رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ نیشنل ڈیٹا بیس اور رجسٹریشن اتھارٹی آرڈیننس 2000 (آرڈیننس نمبر 8، 2000) اور اس کے تحت بنائے گئے قواعد اور اس کے تحت فراہم کردہ طریقہ کار کی رو سے مرحوم کے قانونی وارث کو ایڈمنسٹریشن اور جانشینی سرٹیفیکیٹ کی تحریر جاری کر سکے گا اور نیشنل ڈیٹا بیس رجسٹریشن اتھارٹی (NADRA) کی جانب سے جاری شدہ یہ ایڈمنسٹریشن اور جانشینی کی تحریر ایکٹ ہذا کی تشریحات کے تحت قانونی متصور ہوگی۔

بیان اغراض و وجوہ

یہ ترمیم وفاقی حکومت کی ہدایات کی روشنی میں دی گئی ہے جس کو خیبر پختونخوا کی حکومت کی حمایت حاصل ہے۔